إِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ
بیشک نیکیاں، برائیوں کو مٹا دیتی ہیں. (سُورَۃُ ھُود: ایت ۱۱۴)
اِتَّبِعُ السَّيِّئَةِ الْحَسَنَةِ تَمْحُهَا
اگر گناہ سرزد ہو جائے تو (فوراً) نیکی (کا کام) کر لو،
یہ (نیکی) اُس (گناہ) کو مٹا دے گی (ترمذی، مسند احمد)
گناہوں کو مٹانے والے
یومیہ اذکار و اعمال
الداعی الی الخیر
مرکز دعوۃ الجالیات کویت
24731059 / 23915724
www.islamkw.com

اذکار

اول:۔

1) کپڑے پہننے کی دعا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ کَسَانِیْ ھٰذَا (الثَّوْبُ) وَرَزَقَنِیْہِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِنِّیْ وَلَا قُوَّۃٍ.

ترجمہ: تمام تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے مجھے یہ (کپڑا) پہنایا اور میری کسی طاقت اور میری کسی قوت کے بغیر مجھے عطا کیا۔

ثواب: گذشتہ تمام گناہ معاف ہوجاتے ہیں۔(ابوداؤد۔حسن البانی)

2) اذان سنتے وقت یہ دعا شہادتین کے وقت پڑھنا:

اَشْھَدُاَنْ لَّااِلٰہَ اِلَّااللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ رَضِیْتُ بِاللّٰہِ رَبًّاوَّبِمُحَمَّدٍ رَسُوْلًاوَّبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا.

ترجمہ: اور میں بھی گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور محمد ﷺ اس کے بندے اور رسول ہیں میں اللہ کے ربّ ہونے محمد ﷺ کے رسول ہونے اور اسلام کے دین ہونے پر راضی ہوں۔

ثواب: اس کے گناہ معاف کردیئے جاتے ہیں۔(مسلم)

3) آخری تشہد میں سلام پھیرنے سے پہلے درج ذیل دعا پڑھنا:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡاَلُکَ یَااَللّٰہُ بِاَنَّکَ الۡوَاحِدُ الۡاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیۡ لَمۡ یَلِدۡ وَ لَمۡ یُوۡلَدۡ وَلَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُواً اَحَدٌ اَنۡ تَغۡفِرَلِیۡ ذُنُوۡبِیۡ اِنَّکَ اَنۡتَ الۡغَفُوۡرُ الرَّحِیۡمُ.

ترجمہ: اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس بات کے ساتھ کہ تو واحد، اکیلا، بے نیاز ہے جس کا نہ کوئی بیٹا ہے اور نہ ہی کوئی باپ ہے اور کوئی بھی اس کی برابری نہیں کرنے والا، کہ میرے گناہ معاف کردے یقیناً تو ہی بخشنے والا بے حد مہربان ہے۔

ثواب: رسول اللہ ﷺ نے ایک آدمی کو یہ دعا پڑھتے سنا تو فرمایا: یقیناً اس کے گناہ بخش دیے گئے، یقیناً اس کے گناہ بخش دیے گئے. (نسائی، حسن البانی)

4) نماز کے بعد تسبیحات فاطمہ پڑھنا:

سُبۡحَانَ اللّٰہِ (33بار) اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ (33بار) اَللّٰہُ اَکۡبَرُ (34بار)

لَااِلٰـہَ اِلَّا اللّٰـہُ وَ حۡدَہٗ لَا شَرِیۡکَ لَـہٗ لَـہُ الۡمُلۡکُ وَلَـہُ الۡحَمۡدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیۡ ءٍ قَدِیۡرٌ.

ترجمہ: نہیں ہے کوئی معبود برحق سوائے اللہ کے وہ اکیلا ہے کوئی اس کا شریک نہیں اسی کے لئے بادشاہت ہے اور سب تعریفیں اسی کیلئے ہیں اور ہر چیز اس کے قبضہ قدرت میں ہیں۔

ثواب: تمام گناہ معاف ہو جاتے ہیں چاہے وہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہی کیوں

نہ ہوں۔(مسلم)

5) سیدالاستغفار پڑھنا:

اَللّٰھُمَّ أَنْتَ رَبِّیْ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اَنْـتَ ،خَلَقْتَنِیْ وَ أَنَا عَبْدُکَ وَ أَنَا عَـلٰی عَھْدِکَ وَوَعْدِکَ مَا اسْتَطَعْتُ، أَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَـرِّ مَا صَنَعْتُ، وَأَبُوْءُ لَکَ بِـنِعْمَتِکَ عَلَیَّ وَأَبُوْءُ لَکَ بِذَنْبِیْ، فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا أَنْتَ.

ترجمہ: ''اے اللہ تو ہی میرا رب ہے تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں تو نے ہی مجھ کو پیدا کیا ہے میں تیرا ہی بندہ ہوں اور اپنی استطاعت کی حد تک تیرے عہد اور وعدے پر قائم ہوں اپنے برے کاموں کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں تیری جتنی بھی نعمتیں مجھ پر ہیں میں سب کا اقرار کرتا ہوں اور اپنے سارے گناہوں کا تیرے سامنے اقرار واعتراف کرتا ہوں، پس تو مجھے معاف کردے تیرے سوا کوئی گناہوں کو معاف کرنے والا نہیں''۔

ثواب: جو شام کو یقین کے ساتھ پڑھ لے اور اسی رات وہ فوت ہو گیا تو وہ جنت میں داخل ہوگا اور جس نے صبح کو پڑھا اور اسی دن فوت ہو گیا تو وہ بھی جنت میں داخل ہوگا۔(بخاری)

6) جو شخص ایک دن میں کسی بھی وقت "سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ" سو (100) دفعہ پڑھے۔

ثواب: اس کے گناہ اگر سمندر کی جھاگ کے برابر بھی ہوئے تو معاف ہوجائیں گے۔

7) اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ.

ترجمہ: میں؛ عظمت والے اللہ سے اپنی بخشش چاہتا ہوں وہی ہے کہ تیرے سوا کوئی بھی سچا معبود نہیں تجھ سے میں مغفرت چاہتا ہوں اور اسی کی طرف میں توبہ کیلئے رجوع کرتا ہوں۔

ثواب: جوشخص یہ استغفار پڑھے اللہ اس کی مغفرت فرمادے گا چاہے وہ میدان جہاد سے فرار ہوا ہو۔ (ابوداؤد، ترمذی)

8) مجلس کی اختتامی دعا:

سُبْحٰنَکَ اللّٰھُمَّ وَ بِحَمْدِکَ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ.

ترجمہ: پاک ہے تو اے اللہ تعالیٰ اور تو ہی تعریف کے ساتھ ہے میں گواہی دیتا ہوں کہ کوئی تیرے علاوہ معبود حقیقی نہیں ہے تجھ سے میں مغفرت چاہتا ہوں اور تیری طرف ہی توبہ کیلئے رجوع کرتا ہوں۔

ثواب: جو مجلس کے اختتام پر یہ دعا پڑھے اس مجلس کی تمام غلطیاں معاف ہوجائیں گی۔ (ابوداؤد، ترمذی، ابن ماجہ، نسائی)

9) سُبْحَانَ اللّٰہ ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ، لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ.

ثواب: جو آدمی ایک دفعہ ان تین کلموں میں سے کوئی بھی کہتا ہے اس کو بیس نیکیاں دی جاتی ہیں اور بیس گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔

10) اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ.

ثواب: جو شخص یہ پڑھے اسے تیس نیکیاں دی جاتی ہیں اور تیس غلطیاں معاف کی جاتی ہیں۔

11) سُبْحَانَ اللّٰہ. دن میں سو مرتبہ کسی بھی وقت پڑھنا۔ (مسلم)

ثواب: ہزار نیکیاں لکھ دی جاتی ہیں یا ہزار خطائیں مٹا دی جاتی ہیں۔

12) رات کو نیند نہ آنے یا کروٹ بدلتے ہوئے:

لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ، لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ، سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ رَبِّ اغْفِرْ لِیْ.

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کے لئے بادشاہت ہے اور سب تعریفیں اسی کیلئے ہیں اور ہر چیز اس کے قبضہ قدرت میں ہیں، اللہ تعالیٰ پاک ہے اور سب تعریفیں اللہ ہی کیلئے ہیں اور اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں اور

اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے اور نہ ہی نیکی کرنے اور نہ ہی برائی سے بچنے کی طاقت ہے مگر اللہ تعالیٰ اعلیٰ اور عظمت والے ہی کی توفیق کے ساتھ میرے رب مجھے بخشش دے۔

ثواب: اس کے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں اگر دعا مانگے تو قبول ہوتی ہے اگر اٹھے اور وضو کرے نماز پڑھے تو قبول ہو جاتی ہے۔ (بخاری)

13) ہر نماز کے بعد [آیۃ الکرسی] "**اَللّٰهُ لَا اِلَهَ اِلَّا هُوَ...**" پڑھنا۔

ثواب: جنت میں داخل ہونے کے لئے موت کے علاوہ کوئی چیز رکاوٹ نہیں۔ (نسائی)

14) امام کے ساتھ "**اٰمین**" کہنا۔

ثواب: گذشتہ تمام گناہ معاف ہوجاتے ہیں۔ (متفق علیہ)

15) امام کے بعد قومہ میں "**اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَلَکَ الْحَمْدُ**" کہنا۔

ثواب: گذشتہ تمام گناہ معاف ہوجاتے ہیں۔ (متفق علیہ)

16) کھانا کھانے کے بعد کی دعا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَطْعَمَنِیْ هٰذَا وَ رَزَقَنِیْهِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّةً.

ترجمہ: تمام تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے مجھے یہ کھانا کھلایا اور میری کسی طاقت اور میری کسی قوت کے بغیر مجھے عنایت فرمایا۔

ثواب: اگلے پچھلے تمام گناہ معاف ہوجاتے ہیں۔ (ابوداؤد، ترمذی، ابن ماجہ)

دوم:۔ اعمالِ صالحات

1) دو رکعتیں ادا کر کے استغفار کرنا۔

ثواب: اللہ تعالیٰ اس کے گناہ کو معاف کر دیتا ہے۔ (احمد، صححہ البانی)

2) نماز کے بعد دوسری نماز ادا کرنا۔

ثواب: دونوں نمازوں کے مابین گناہ مٹ جاتے ہیں۔ (بخاری)

3) نماز کے انتظار میں رہنا۔

ثواب: ملائکہ اس کے لیے مغفرت ورحمت کی دعا کرتے ہیں۔ (متفق علیہ)

4) وضو کر کے دو نفل ادا کرنا۔

ثواب: گذشتہ تمام گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔

5) سلام کرتے ہوئے مصافحہ کرنا۔

ثواب: علیحدہ ہونے سے پہلے دونوں کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ (ترمذی، صححہ البانی)